Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | منگل، 22 جولائی 2025ء، 26 محرم الحرام 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 118

خیبر پختونخوا سینیٹ الیکشن، حکومتی 6 اپوزیشن کے 5 سینیٹر منتخب

پیپلز پارٹی کی روبینہ خالد، طلحہ محمود، مسلم لیگ ن کے نیاز احمد، جے یو آئی کے عطا الحق درویش اور دلاور خان، مراد سعید، فیصل جاوید، روبینہ ناز آزاد حیثیت سے منتخب

کے پی سینیٹ کی 11 نشستوں کے لیے 145 ارکان نے ووٹ کاسٹ کیے، پنجاب میں (ن) لیگ کے حافظ عبدالکریم 243 ووٹ لے کر سینیٹر منتخب ہو گئے

پشاور (پی آئی) خیبر پختونخوا میں سینیٹ کی 11 نشستوں پر الیکشن کے نتائج سامنے آ گئے، حکومت اور اپوزیشن کا 5 اور 6 کا فارمولا کام کر گیا ہے۔ ابتدائی غیر سرکاری نتیجے کے مطابق خواتین کی نشست پر پیپلز پارٹی کی روبینہ خالد، اور جنرل نشست پر طلحہ محمود کامیاب قرار پائے۔ خواتین کی نشست پر آزاد امیدوار روبینہ ناز جب کے جنرل نشستوں پر آزاد امیدوار مراد سعید، فیصل جاوید ، (بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم شہباز شریف طبی آلات کی اسکیننگ اور بنڈلز کے ڈیجیٹل نظام میں مفت کیمیکل تقسیم کر رہے ہیں

آرڈی اے کے تجاوزات کے خاتمے کیلئے بلاتفریق آپریشن

آرڈی اے کا یونیورسٹی ٹاؤن کے سروس روڈ پر تجاوزات مسمار کر دی گئیں

روڈ کلیئر، غیر مجاز مارکیٹ اور مارکیٹنگ آفس کو سربمہر کر دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈیولپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضیٰ کی ہدایت پر انفورسمنٹ سکواڈ آرڈی اے نے یونیورسٹی تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا ہے۔ آپریشن میں آرڈی (بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ مدرسہ قتل مقتولین میاں بیوی نہیں تھے، سرفراز بگٹی

واقعے میں جو بھی ملزمان ملوث ہیں، گرفتار کر کے ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی، وزیراعلیٰ کی گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے نواحی علاقے میں قتل ہونے والے افراد کے درمیان کوئی ازدواجی رشتہ نہیں تھا، دونوں پہلے سے شادی شدہ تھے اور ان کے بچے بھی ہیں۔ پرنس (بقیہ نمبر 6)

سیکورٹی فورسز جھڑپ کا بدلہ، تنظیم کے 3 دہشتگرد ہلاک

دہشت گرد قتل، اقدام قتل، دہشت گردی سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملوث تھے، جرم ثابت ہونے پر سزائے موت دی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے دشت میں کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی کے خوارج کے ٹھکانے پر سیکورٹی فورسز کی کارروائی میں 3 دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق دہشت گرد قتل، اقدام قتل، دہشت گردی سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملوث تھے، جرم ثابت ہونے پر سزائے موت دی جائے گی۔ (بقیہ نمبر 5)

نیٹ میٹرنگ پالیسی پر نظر ثانی کا عمل رکوا دیا

بلاوجہ ڈویژن نے وزارت اطلاعات ونشریات کے ذریعے ایک بیانیہ تشکیل دینا تھا جس کے بعد کابینہ میں سمری پیش کی جاتی تھی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے تیسری مرتبہ نیٹ میٹرنگ پالیسی کے خلاف سرکاری مہم کو روکنے کی ہدایت جاری کی ہے، اس حوالے سے قیمت شریف کی روبدل کی کوئی رسمی ان کے دفتر تک پہنچے (بقیہ نمبر 4)

طبی شعبے میں انقلاب لانا مشکل ضرور، ناممکن نہیں، شفافیت، میرٹ اور اصلاحات سے ہی ادارے مضبوط ہوتے ہیں، شہباز شریف

طبی آلات کی ڈیجیٹل نظام کا افتتاح

رجسٹریشن کے

قوم متحد ہو جائے تو پاکستان کی تقدیر بدلی جا سکتی ہے، ڈیجیٹائزیشن کا عمل وزارت صحت سے قابل ستائش ہے، جس کا آغاز پی ڈی ایم کے دور حکومت میں ہوا، وزیراعظم شہباز شریف

اس نظام سے طبی آلات کی رجسٹریشن صرف 20 دن میں مکمل ہو سکے گی، جہاں پہلے کئی سال لگتے تھے اور کرپشن عام تھی، یہ سہولیات کبھی تاخیر کا شکار نہیں ہونی چاہئیں تھیں

وزیر صحت مصطفیٰ کمال ہیلتھ سیکٹر کی بہتری کے لئے دن رات محنت کر رہے ہیں، حکومت معیاری ادویات کی فراہمی اور کرپشن کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے، وزیراعظم کا افتتاحی تقریب سے خطاب

وزیراعظم پنجاب مریم نواز شریف جنیٹ منی ایکشن میں اپنا ووٹ کاسٹ کر رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے طبی آلات کی رجسٹریشن کے ڈیجیٹل نظام کا افتتاح کر دیا ساتھ ہی کرپشن کے خاتمہ اور شفافیت کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے طبی آلات کی لاسٹنگ اور (بقیہ نمبر 4)

انفارمیشن گروپ کے افسران

ملک کی نظریاتی سرحدوں کے اولین محافظ ہیں

تاریخ عطا

حالیہ پاک بھارت کشیدگی میں پاکستان کو واضح برتری حاصل ہوئی، اس طرح میں انفارمیشن گروپ اور وزارت اطلاعات کے کردار پر بھی فخر ہے

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کا انفارمیشن سروسز اکیڈمی میں 41 ویں اسپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کی پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ انفارمیشن گروپ کے افسران ملک کی نظریاتی سرحدوں کے اولین محافظ ہیں جو صرف حکومت کے امور کی موثر ترجمانی کرتے ہیں بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تاثر اجاگر کرنے میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انفارمیشن سروسز اکیڈمی میں 41 ویں اسپیشلائزڈ (بقیہ نمبر 5)

HEC کو بجٹ میں کٹوتی اور فنڈز میں کمی کے مسائل کا سامنا

آپریشنل لاگت میں اضافے کے باوجود سالانہ بجٹ صرف ساڑھے 39 ارب روپے رکھا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ہائر ایجوکیشن کمیشن کو بجٹ میں کٹوتی اور فنڈز میں کمی جیسے سنگین مسائل کا سامنا کرنا پڑ گیا ہوگا، آپریشنل لاگت میں اضافے کے باوجود (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ایف آئی اے ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایم ایل این ون منصوبے میں آسٹرین ریل کمپنی کی اظہار دلچسپی

منصوبے پیک کا حصہ، چینی سرمایہ کاری اولین ترجیح ہے، چیئرمین ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی ریلوے کو بتایا گیا ہے کہ آسٹریا کی ریل کمپنی نے ایم ایل این ون منصوبے میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے جبکہ چیئرمین ریلوے (بقیہ نمبر 7)

تجاوزات و غیر قانونی تعمیرات کو ہٹانے کی ہدایت

سیکٹرز ڈویلپمنٹ کے کام کو نہ صرف مزید تیز کیا جائے بلکہ معیار اور کوالٹی پر بھی کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے

سی ڈی اے کے سیکٹرز کے ترقیاتی کاموں میں حائل تمام رکاوٹوں کو ترجیح بنیادوں پر دور کیا جائے

فنانس ونگ کو ترقیاتی کاموں کے لئے مناسب فنڈز مختص کرنے کی ہدایت کی

چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس

چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا

چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ڈی اے کے ممبر ایڈمن، واسٹیٹ طلعت محمود، ممبر فنانس طاہر نعیم، ممبر انجینئرنگ سید نقاست رضا، ممبر پلاننگ ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر انفارمیشن اسٹیٹ ریاض بلوچ، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز منگن، ڈی جی ریسیورس سی ڈی اے، ڈی سی سی ڈی اے سمیت دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکٹر سی چودہ، سی پندرہ (بقیہ نمبر 1)

چینی کی قیمت پر قابو پانے میں حکومت ناکام ہو چکی ہے

حکومت اور شوگر مافیا مل کر عوام کا خون نچوڑ رہے ہیں

مسابقتی کمیشن بالکل ناکام ہو چکا ہے، سینیٹر محسن عزیز، علی ظفر، دنیش کمار

کوئٹہ کیلئے فلائٹ کا کرایہ ایک لاکھ روپے تک گیا، عبید الواسع

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ اجلاس میں چینی کی قیمت کنٹرول نہ کر سکنے پر حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے ارکین نے کہا ہے کہ چینی کی قیمت پر قابو پانے میں حکومت ناکام ہو چکی ہے۔ پیر کو سینیٹ اجلاس میں سید یوسف رضا گیلانی کے زیر صدارت ہوا اجلاس میں سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ مسابقتی کمیشن پاکستان کام کرنے سے قاصر ہے (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی، خالد زاد سے زیادتی کی کوشش کرنے والے 2 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گنجوٹی پولیس نے 7 سالہ خالہ زاد سے زیادتی کی کوشش کرنے والے دو ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق گنجوٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اپنی 17 سالہ خالہ زاد سے زیادتی کی کوشش کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، واقعہ کا مقدمہ 1 ایم ٹو میں درج کیا گیا قانون کے مطابق ملزمان کو گنجوٹی (بقیہ نمبر 8)

ربینہ خالد کو بلا مقابلہ سینیٹر کامیابی پر مبارکباد پیش

منتخب سینیٹر اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد کی گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات

گورنر کے پی نے بطور سینیٹر کامیابی پر انہیں مبارکباد پیش کی اور انکی کامیابی کو بھٹو شہید کے وژن کی فتح قرار دیا

اسلام آباد/پشاور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان پیپلز پارٹی کی نومنتخب سینیٹر اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے بیشٹ الیکشن میں کامیابی کے بعد گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کی۔ گورنر نے بطور سینیٹر کامیابی پر انہیں مبارکباد پیش کی اور انکی کامیابی کو بھٹو شہید کے وژن کی فتح قرار دیا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کے تعاون اور کردار پر انکا شکریہ ادا کیا، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر محمد علی شاہ باچا، جنرل سیکرٹری شادی خان اور دیگر عہدیدار اور اراکین اسمبلی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

پیپلز پارٹی کی نومنتخب سینیٹر اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے بیشٹ الیکشن کامیابی کے بعد گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

سی ای او (آج) قھاندہ ریس کورس اور قھانہ دھمیال میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کریں گے

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد مہدوانی (آج) منگل کو اناج منڈی ہال، زرین کارڈن، پنج بھائی نزد قھانہ ریس کورس اور دیوان مارکی، مہوڑہ چھچھ نزد شکاف پل، چکری روڈ علاقہ قھانہ دھمیال میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن (بقیہ نمبر 8)

سیکرٹری داخلہ کا پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کا دورہ

پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کیلئے 4.5 ارب کی لاگت سے جدید آلات کی خریداری، 77 سائنسدانوں کی بھرتی کا عمل جاری

فرانزک سائنس اتھارٹی کے نتائج کو دنیا بھر میں مستند حوالہ تسلیم کیا جاتا ہے، سیکرٹری داخلہ پنجاب کا دورہ، خصوصی اجلاس کی صدارت

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید شاہ کی زیر صدارت پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کا دورہ کیا اور اتھارٹی کی کارکردگی میں مستقبل کے اہداف بارے خصوصی اجلاس کی صدارت کی۔ ڈی جی فرانزک سائنس اتھارٹی ڈاکٹر امجد احمد نے سیکرٹری داخلہ پنجاب کو بریفنگ دی۔ اس موقع پر سی پی او پنجاب ایگزیکٹو ڈائریکٹر اتھارٹی، ایڈیشنل ڈی جی فرانزک، ایڈیشنل سیکرٹری پولیس (بقیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ مریم نواز سے ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی کی ملاقات

ملک ظہیر اقبال چنڑ کا صوبے میں روڈز کی تعمیر و بحالی، ایئر ایمبولینس، فیلڈ ہسپتال اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے اقدامات پر خراج تحسین

پنجاب ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت ہر شہری کیساں ترقی کے ویژن کو مکمل پیکیج قرار دیا، بہاولپور میں برن سنٹر بنانے پر مریم نواز سے اظہار تشکر

عوام کی ضروریات کے پیش نظر بہاولپور میں چلڈرن ہسپتال کے قیام کی اصولی منظوری، بہاولپور کے سول ہسپتال کے قریب چلڈرن ہسپتال کی تعمیر پر اتفاق

صوبے کی ترقی کے منصوبے میرے دل کے بے حد قریب ہیں، جنوبی پنجاب کے عوام کو بنیادی سہولتیں دینا پر فراہم کر رہے ہیں: مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک شبیر اقبال چنڑ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی سیاسی صورتحال اور جنوبی پنجاب میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تسلی جاری خیال کیا گیا۔ ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک شبیر اقبال چنڑ نے صوبے میں روڈز کی تعمیر و بحالی، ایمبولینس، فیلڈ ہسپتال اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے اقدامات پر خراج تحسین پیش کیا۔ ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک شبیر اقبال چنڑ نے صوبے میں روڈز کی تعمیر و بحالی، ایئر ایمبولینس، فیلڈ ہسپتال اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے اقدامات پر خراج تحسین پیش کیا۔ ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک شبیر اقبال چنڑ نے صوبے میں برن سنٹر بنانے پر وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 9)

بیٹی کا قتل انسانیت کے ضمیر پر حملہ، ظلم ناقابل معافی ہے، مریم نواز

بلوچستان میں لرزہ خیز واقعے نے ہر حساس دل کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بلوچستان میں غیرت کے نام پر ایک بیٹی کا قتل پوری انسانیت کے ضمیر پر حملہ ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بلوچستان میں لرزہ خیز (بقیہ نمبر 2)

راول ڈیم میں پانی کی سطح کم، سپل ویز بند کر دیئے گئے

اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے پانی کے اخراج کے عمل کی نگرانی کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) راول ڈیم میں پانی کی سطح کم، سپل ویز بند کر دیئے گئے، 1 ہزار 748 ٹن پانی کی سطح کم ہونے پر سطح 6 پیچ سپل ویز کھولے گئے، سپل ویز سے 5 گھنٹے تک پانی کا اخراج جاری رہا، پانی کی سطح 1 ہزار 747 فٹ آنے پر سپل ویز کو بند (بقیہ نمبر 2)

چکوال، منشیات فروش گرفتار، 60 بوتل شراب برآمد

چکوال (این این آئی) تھانہ صدر چکوال پولیس نے منشیات فروش کو گرفتار کر کے 60 بوتل شراب برآمد کر لی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لطیفیت رہائز احمد کی الدین کی زیر نگرانی ایس ڈی پی او صدر سرکل چکوال ڈاکٹر سارہ علی باقی، ایس ایچ او تھانہ سٹی (بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی، شہری کو خرچی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) بی کیو دھاری پولیس نے مصنوعی طریقے سے کاری شہری کو خرچی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بی کیو دھاری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مصنوعی طریقے سے کاری شہری کو خرچی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم نے شہری کے دار سے شہری کو ڈسی کیا تھا، واقعہ کا (بقیہ نمبر 11)

صوبائی وزیر کھیل ایوب کھوکھر کی موجودگی میں پنجاب سپورٹس بورڈ اور پاکستان بلائنڈ کرکٹ کونسل کے اشتراک کے پہلے بلائنڈ کرکٹ اسٹیڈیم کی حوالگی کی جا رہی ہے

راولپنڈی میں ڈینگی سرا ٹھانے لگا، 13 مریض رپورٹ

ڈینگی ٹیموں کے انچارج اپنے علاقوں کی سوپنگ مکمل کریں، ڈپٹی کمشنر

راولپنڈی (اے ایف پی) انسداد ڈینگی کے حوالے سے اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیف کی صدارت میں ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی جی ہیلتھ عبداللہ خان، اے سی صدر مسام کھان، اے سی کینٹ سعد رحمٰن، اے سی سدر مسام کھان، اے سی کینٹ سعد رحمٰن، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر (بقیہ نمبر 2)

ڈاکٹر عافیہ کیس عدم تعاون پر

وفاقی کابینہ توہین عدالت کا نوٹس

پھر انیوٹ پاور کو جوڈیشل پاور کے لیے استعمال کیا گیا، انصاف کو شکست کا سامنا نہیں کرنے دوں گا، جج کے ریمارکس

چیف جسٹس کو تین سیکٹر کی درخواست پر دستخط کرنے کے لیے نہیں ملے، ماضی میں جج کا رومنٹر مخصوص کیمرے کے فیصلوں کیلئے استعمال ہو چکا ہے

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار نیچے کی زیر صدارت انسداد ڈینگی اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹر) عبداللہ خان اور سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر احسان گجی بھی موجود تھے

ڈی آئی جی اسلام آباد کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلے میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، دو مجرمان سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے دو مجرمان سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں (بقیہ نمبر 3)

مخصوص نشستوں پر حلف برداری، چیف جسٹس کو خط

چیف جسٹس نے حلف برداری کے معاملے میں آئین سے تجاوز کیا، مخمل میں موقف

پشاور (این این آئی) انٹیگر خیبر پختونخوا اسمبلی بار سلیم سواتی نے مخصوص نشستوں پر حلف برداری کے لیے چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ کے احکامات پر چیف جسٹس پاکستان کو خط لکھ دیا۔ بار سلیم سواتی کی جانب سے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس (بقیہ نمبر 2)

بلوچستان ہائی کورٹ کا غیرت کے نام پر قتل کا نوٹس

غیرت کے نام پر خاتون اور مرد کے قتل کا مقدمہ ریاست کی مدعیت میں درج

بلوچستان ہائی کورٹ نے غیرت کے نام پر قتل کا نوٹس لے لیا۔ چیف جسٹس بلوچستان روزی خان بزنجو نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہوم اور آئی جی پولیس کو 22 جولائی (بقیہ نمبر 2)

لاہور، سینٹ کے ممتاز انتخاب میں مسلم لیگ ن کے حمایت یافتہ امیدوار محافظ عبدالکریم کی کامیابی کے بعد قیادت کے حق میں نعرے لگائے جا رہے ہیں

محافظ عبدالکریم کی کامیابی پر مسلم لیگ ن کے نعرے

صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے تحفظ کا ترمیمی بل منظور

بل صحافیوں کے تحفظ کے کمیشن کا چیئرپرسن ہائی کورٹ کا جج تعینات کرنے والا شخص ہوگا

اسلام آباد (این ای) اسمبلی میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے تحفظ کا ترمیمی بل منظور، اظہار رائے سے مراد معلومات نشر کرنے اور شائع (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی، گاڑی سے غیر قانونی طور پر رکھا گیا شیر برآمد

مالک کو 60 ہزار روپے جرمانہ، شیر کو تحفظ مقام پر منتقل کر دیا گیا

راولپنڈی (اے ایف پی) محکمہ وائلڈ لائف کے چیرمین ڈویژن کمرشل گاڑی سے برآمد کیا گیا، شیر کا مالک جس کی شناخت ظفر (بقیہ نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار نیچے کی زیر صدارت انسداد ڈینگی اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹر) عبداللہ خان اور سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر احسان گجی بھی موجود تھے

وفاقی کابینہ کو توہین عدالت کا نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی کابینہ کو توہین عدالت کا شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی، بحت اور بطن واپسی سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، جسٹس مرزا انجاز اسحاق نے ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی کابینہ کو توہین عدالت کا شوکاز نوٹس جاری کر دیا، جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کیس میں رپورٹ پیش نہ کرنے پر نوٹس جاری کیا۔ جسٹس سردار اسحاق نے کہا کہ چھٹیاں ختم ہونے کے بعد پہلے ورکنگ ڈے پر کیس کی اکٹھا سماعت ہو گی، (بقیہ نمبر 3)

عوامی للکار
Daily Awami Laikaar
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
عوام کی بے باک ترجمان
ادارہ اداریت ڈیسک

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاک فضائیہ کے لیے عالمی اعزازات

پاک فضائیہ نے ایک بار پھر بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر دیا۔ برطانیہ میں منعقدہ عالمی شہرت یافتہ رائل انٹرنیشنل ایئر ٹیٹو 2025ء میں دنیا کے صف اول کی فضائی افواج کے درمیان مقابلے میں پاک فضائیہ نے دو ٹرافیاں جیت کر ایک شاندار کارنامہ سرانجام دیا۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق، ایئر چیفس کانفرنس کے دوران پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت، طیاروں کی دلکش پینٹ اسکیمز اور دستے کے نظم وضبط کو عالمی سطح پر زبردست پذیرائی ملی۔ کئی عالمی رہنماؤں نے اس بین الاقوامی فورم پر پاکستان کی متاثر کن نمائندگی کو سراہا۔ اس کامیابی پر سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے دستے کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ قومی پرچم کو سربلند رکھنا پاک فضائیہ کا نصب العین ہے۔ یہ واقعی باعثِ فخر لمحہ ہے جو دنیا کو یہ پیغام دیتا ہے کہ پاکستان ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑا ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ لیکن افسوس کہ اصل مسائل ہمارے گھر کے اندر ہیں جنھیں ہم مسلسل نظر انداز کر رہے ہیں۔ پاکستان کو لاحق سب سے بڑی بیماری اشرافیہ کا وہ طبقہ ہے جس نے ریاستی نظام میں چھید کر دیے ہیں۔ سیاسی اشرافیہ، کاروباری و صنعتی اشرافیہ، بیوروکریسی اور دیگر مقتدر حلقے قومی وسائل کو بے دریغ استعمال کرتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ ایک طرف کروڑوں لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں، دوسری جانب حکمران طبقے کی عیاشیاں ختم ہونے کا نام نہیں لیتیں۔ ان کے لیے ہر سال کروڑوں روپے کی نئی گاڑیاں خریدی جاتی ہیں، دفاتر کی تزئین و آرائش پر کروڑوں خرچ ہوتے ہیں اور پروٹوکول پر اربوں اڑا دیے جاتے ہیں۔ یہ تضاد ناقابلِ برداشت ہے۔ اگر ہم نے اپنے گھر کو درست نہ کیا تو دنیا کی طرف سے ملنے والی تعریفیں، ٹرافیاں اور اعزازات بھی ہمیں ایک مضبوط اور خوشحال ملک نہیں بنا سکیں گے۔ ہمیں پہلے اپنی ترجیحات درست کرنا ہوں گی کیونکہ اگر ہم خود اپنی عزت نہیں کریں گے تو دنیا کی طرف سے دی جانے والی عزت بھی وقتی ثابت ہوگی۔

"انسانیت کا درس اور افواج پاکستان"

تحریر: سید وزت ایوب کاظمی، اسلام آباد

میری ذاتی رائے کے مطابق پاکستانی عوام کو افواج پاکستان سے انسانیت، صبر، قربانی اور قومی وفاداری کا سبق سیکھنا چاہیے۔ کیونکہ جس انداز سے ہماری افواج نے قیام پاکستان سے لے کر آج تک صبر، تحمل، پیشہ ورانہ نظم وضبط اور قربانی کا مظاہرہ کیا ہے، اس کی نظیر تاریخ میں کم ہی ملتی ہے۔

پاکستان کے ازلی دشمن بھارت نے ہر دور میں پاکستان کے وجود کو چیلنج کیا۔ وہ کبھی سرحدوں پر جارحیت کی صورت میں، کبھی پانیوں میں رکاوٹیں ڈال کر تو کبھی سازشوں اور پروپیگنڈہ مہمات کے ذریعے پاکستان کو کمزور کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ مگر ہماری افواج نے ہمیشہ دشمن کی ہر سازش کو بے نقاب کیا اور جذبہ ایمانی کے ساتھ ہر وار کو ناکام بنتے ہوئے پسپا کر دیا۔

اس کے باوجود، ہماری فوج نے کبھی انتقام، نفرت، یا دشمنی کو اپنی پالیسی نہیں بنایا۔ بلکہ ہر موقع پر بھائی چارے، امن، اور دوستی کا پیغام دیا۔ چاہے وہ کارگل کے بعد قیدیوں کی باعزت رہائی ہو، زلزلے یا سیلاب کے دکھی میں دشمن ممالک کو بھی انسانی بنیادوں پر مدد کی پیشکش ہو، یا لائن آف کنٹرول پر دشمن سپاہیوں کی انسانی بنیادوں پر امداد، افواج پاکستان نے ہمیشہ انسانی جذبوں کو ترجیح دی۔

پاکستانی عوام نے بعض اوقات افواج پر تنقید کی، ان پر الفبائیں اٹھائیں، انہیں سیاست میں گھسیٹنے کی کوشش کی، مگر افواج پاکستان نے صبر، تحمل، سنجیدہ بینائی سے ان الزامات کا سامنا کیا۔ انہوں نے اپنی بہادری، کامیابی اور قربانیوں کا سہرا ہمیشہ قوم کے سر رکھا۔ انہوں نے عوام کو ہی اپنی طاقت سمجھتے ہوئے اس کا برملا اظہار بھی کیا۔

پاکستان شروع سے ہی دہشت گردی کا شکار رہا ہے، دہشت گردی کا سب سے زیادہ سامنا پاک افواج کو کرنا پڑا، پھر بھی انہوں نے آج تک نہ مدت ہاری، نہ ان کے حوصلے پست ہوئے۔ مٹی اور تسبیح نے دل جوڑا تھا، اندرونی سازشوں کے باوجود بھرپور جواں مردی، ہمت اور بہادری سے دشمن عزیز اور پاکستانی عوام کا دفاع کیا، ہاں مدد میں اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کر چکی کیا۔

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

کشمیر بنے گا پاکستان

ہر کشمیری کے دل میں ان کے دکھ کا نقشہ جنگ کے تھپیڑے کھائی سرحدوں پر ختم نہیں ہوتا بلکہ لوگوں، ایمان اور مقصد کے اتحاد پر ختم ہوتا ہے۔ اس دن میں کوئی انگچھا نہیں بلکہ صرف ایک راستہ، ایک خواہش، ایک سچائی ہے اور کشمیریوں کا حتمی مقصد پاکستان سے الحاق ہے۔ جوں کشمیر کے عوام کی پاکستان سے الحاق کی خواہش سیاسی واقعات سے متاثر ہونے والا عارضی جذبہ نہیں بلکہ یہ مشترکہ تاریخ، ثقافت، مذہب اور کشمیری عوام کی اپنی شناخت میں گہرائی سے جڑا ہوا ایک پختہ نقشہ ہے۔ 1947ء میں بھارتی افواج کے غیر قانونی اور جبری قبضے کے بعد سے کشمیر کے عوام نے مسلسل پاکستان میں شامل ہونے کا اپنا مطالبہ بلند کیا ہے۔ گولیوں، جبر اور دبانے کی نہ ختم ہونے والی مہمات کو شکست دیتے ہوئے اس کی غیر متزلزل جدوجہد، دہائیوں کی قربانیاں اور پاکستان کے لیے نہ ختم ہونے والی محبت اس حقیقت کی گواہ ہے کہ پاکستان سے الحاق کشمیری عوام کا حتمی مقصد ہے۔ بھارتی جبر کی ہر شکل، فوجی جارحیت سے لے کر نفسیاتی کارروائیوں تک، کے باوجود کشمیر اور پاکستان کے عوام کے درمیان رشتہ اٹوٹ رہا ہے۔ بے پناہ مشکلات کے باوجود یہ پاکستان ہی ہے جو ان کے ساتھ ہاتھ قدم ہوا ہے، نہ صرف الفاظ میں بلکہ اعمال میں بھی، مسلسل یہ ثابت کرتے ہوئے کہ یہ ان کے حق خود ارادیت کا واحد مخلص حامی ہے۔

ایک خودمختار کشمیر کا خیال، اگرچہ کچھ لوگوں کے لیے نظریاتی طور پر پرکشش ہے، موجودہ علاقائی اور بین الاقوامی جغرافیائی سیاسی ماحول میں عملی طور پر ناقابل عمل ہے۔ یہ تصور زمین پر موجود سخت حقائق کو نظر رکھتے میں ناکام ہے۔ کشمیر جغرافیائی طور پر تین ایٹمی طاقتوں، بھارت، پاکستان اور چین سے گھرا ہوا ہے اور ایسے غیر منظم علاقے میں ایک آزاد ریاست قائم کرنے کا کوئی حق موجود نہیں ہے۔ اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ بھارت، ایک جارحانہ توسیع پسند پڑوسی، نے کبھی بھی کشمیر کو لوگوں کو اپنی انتظامیہ کے تحت امن سے رہنے کی اجازت نہیں دی اور وہ اپنی سرحدوں کے قریب ایک خودمختار کشمیر کے کھلنے کو کبھی برداشت نہیں کرے گا۔ 1947ء کے بعد سے بھارتی ریاست کا رویہ واضح طور پر ظاہر کرتا ہے کہ علاقے میں بھارت کے کنٹرول سے باہر ابھرنے والی کوئی بھی ریاست کو براہ راست خطرہ سمجھا جائے گا اور اس کے فوجی یا اقتصادی تجزیہ کاری کا نشانہ بننے کا امکان ہوگا۔ یہ خودمختار کشمیر کے خیال کو نہ صرف ناقابل عمل بلکہ ایک چال بنا دیتا ہے جو کشمیریوں کو مزید کمزور کر سکتا ہے۔

اگست 2019ء میں ہندوستان کی جانب سے آرٹیکل 370 اور 35A کی منسوخی نے اس طویل مدتی ایجنڈے کو مزید بے نقاب کیا اور وہ ہے کشمیری مسلم شناخت کی مکمل آبادیاتی تبدیلی، انضمام اور اس کی ثقافت کو مٹانا۔ یہ غیر قانونی اقدامات محض آئینی چالیں نہیں بلکہ کشمیری معاشرے کی بنیاد پر ایک منظم حملہ تھا۔ ایسے حالات میں ایک خودمختار ریاست کا کوئی بھی خواب ایک خطرناک فریب ہے۔ اگر اسے اکیلا چھوڑ دیا جائے تو کشمیر اقتصادی طور اور عسکری طور پر کمزور اور سفارتی طور پر الگ تھلگ ہو جائے گا۔ اس کے برعکس پاکستان سے الحاق ایک محفوظ، سٹریٹجک اور باپندار مستقبل پیش کرتا ہے، جس کی پشت پناہی ایک ایسی قوم کرتی ہے جس نے کشمیری مقصد کے لیے مسلسل قربانیاں دی ہیں اور وہ وادی کے لوگوں سے گہرا تعلق رکھتی ہے۔

آپریشن بنیادی مرصوص کے واقعات پاکستان کے اپنے علاقے، اس کی نظریے اور اس کے اتحادیوں کے دفاع میں عزم اور سٹریٹجک صلاحیتوں کا ایک زندہ ثبوت ہیں۔ اس فوجی آپریشن نے نہ صرف پاکستان کی فوجی طاقت بلکہ اس کی سیاسی اور اخلاقی وضاحت کو بھی ظاہر کیا۔ پاکستان نے دنیا کو دکھایا کہ وہ دباؤ میں جھکنے والا ملک نہیں اور نہ ہی وہ اصولوں پر سمجھوتہ کرنے والا ملک ہے۔ آپریشن کے دوران پاکستانی افواج نے پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور حکمت عملی کی برتری کا مظاہرہ کیا، جس نے دشمنوں کو ایک واضح پیغام دیا کہ پاکستان کو کم نہیں سمجھنا چاہیے۔ یہ طاقت اور لچک کشمیر کے عوام میں یہ اعتماد پیدا کرتی ہے کہ پاکستان سے الحاق ابھی مرحلہ میں چھالگ نہیں بلکہ یہ ایک ایسی قوم کے ساتھ گلنا ہے جو ان کی جانوں، حقوق اور خواہشات کی حفاظت کر سکتی ہے اور کرے گی۔

پاکستان کی سٹریٹجک بصیرت، اس کی دفاعی صلاحیتوں اور سفارتی لچک کے ساتھ، اسے جموں وکشمیر کے عوام کے لیے سب سے منطقی اور محفوظ انتخاب بناتی ہے۔ یہ ایک ایسا ملک ہے جو ایک بہت بڑے دشمن کے خلاف اپنے قدموں پر کھڑا رہا ہے اور اس نے بے پناہ دباؤ کے باوجود اپنی سرحدوں کی نظریاتی اور علاقائی سالمیت کو برقرار رکھا ہے۔ 1947ء سے لے کر آج تک پاکستان نے کشمیر پر اپنے موقف سے کبھی انحراف نہیں کیا۔ اس نے اقوام متحدہ، او آئی سی اجلاسوں اور ہر ممکن بین الاقوامی فورم پر یہ مسئلہ اٹھایا ہے۔ جبکہ ایک طرف عالمی طاقتوں نے اپنے مفادات کا تحفظ کیا ہے اور خاموش رہی ہیں تو دوسری طرف پاکستان نے عالمی سطح پر کشمیریوں کی آواز کو زندہ رکھا ہے۔

یہ محض سفارتی حمایت کا مسئلہ نہیں ہے۔ پاکستان نے ضرورت مند کشمیریوں کے لیے اپنا دل اور سرحدیں کھول دی ہیں۔ آزاد جموں وکشمیر آج ایک آزاد اور پرامن کشمیری شکل کی علامت ہے جو ایک ایسا علاقہ ہے جہاں کشمیری اپنے معاملات خود چلاتے ہیں، اپنے مذہب پر آزادانہ طور پر عمل کرتے ہیں اور جنگ یا گولیوں کے مسلسل خوف کے بغیر زندگی گزارتے ہیں۔ آزاد کشمیر میں تعلیمی ادارے، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، صحت کی دیکھ بھال اور سماجی فلاح و بہبود بھارتی مقبوضہ علاقے کے مقابلے میں کہیں زیادہ ترقی یافتہ اور قابل رسائی ہیں، جہاں بنیادی حقوق کو بھی بری طرح پامال کیا گیا ہے۔ فرق واضح اور ناقابل تردید ہے، جو مزید اس بات کو تقویت دیتا ہے کہ کشمیری، فطرت اور تجربہ دونوں سے پاکستان کو اپنا جائز وطن کیوں سمجھتے ہیں۔

پاکستان اور کشمیر کے عوام کو جو جذباتی اور ثقافتی رشتے جوڑتے ہیں انہیں بنایا یا مٹایا نہیں جا سکتا۔ یہ رشتے گہرے روحانی، تاریخی اور خاندانی ہیں۔ "کشمیر بنے گا پاکستان" کے نعرے پروپیگنڈے سے پیدا نہیں ہوئے بلکہ ایسے لوگوں کے دلوں کی دھڑکن سے پیدا ہوئے ہیں جو اپنا مستقبل، اپنی آزادی اور اپنا وقار پاکستان کے سبز پرچم میں دیکھتے ہیں۔ جاری وہ وادی میں پاکستان کے یوم آزادی کی تقریبات ہوں، شہید نوجوانوں کے جنازوں کے دوران پاکستان کے حق میں نعرے لگانا ہو یا سفاکانہ جبر کے باوجود پاکستانی پرچم لہراتا ہو یہ محض بغاوت کے نہیں بلکہ وفاداری اور محبت کے عمل ہیں۔ بھارتی ریاست اپنے تمام پروپیگنڈے اور جارحانہ حربوں کے باوجود پاکستان کی طرف اس قدر دل رکھتا ہے کہ کشمیر بنے گا پاکستان ناگزیر ہے۔

یہاں تک کہ جغرافیائی سیاسی نقطہ نظر سے بھی پاکستان سے الحاق کشمیری عوام کے لیے ایک مستحکم اور محفوظ مستقبل پیش کرتا ہے۔ پاکستان کی بڑھتی ہوئی بین الاقوامی شراکتیں، اس کے سٹریٹجک اتحاد اور اس کا مضبوط دفاعی ڈھانچہ ایک حفاظتی ڈھال فراہم کرتا ہے جو خودمختار کشمیر کو کبھی نہیں ملے گا۔ پاکستان نے کئی دہائیوں کے اندرونی اور بیرونی چیلنجوں سے دوران بھی اپنی لچک کا مظاہرہ کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ وہ برداشت کر سکتا ہے، ارتقا کر سکتا ہے اور مضبوط ہو کر ابھر سکتا ہے۔ یہ طاقت نہ صرف فوجی ہے بلکہ ادارہ جاتی اور نظریاتی بھی ہے۔ پاکستان کا آئین، اس کی اسلامی شناخت اور مسلم بھائی چارے کے لیے اس کا بنیادی عزم اسے کشمیری عوام کے لیے سب سے زیادہ ہم آہنگ اور خوش آمدید کہنے والا گھر بناتا ہے، جن کی ثقافت، مذہب اور اقدار پاکستان کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔

پاکستان اور کشمیریوں کے درمیان دیرینہ دوستی دنیا کے کسی بھی اور مقتنے سے مختلف ہے۔ یہ قربانی، مشترکہ تکلیف اور باہمی احترام پر مبنی رشتہ ہے۔ ہندوستان کے برعکس، جو غالب آنا اور جذب کرنا چاہتا ہے، پاکستان نے ہمیشہ شراکت اور تحفظ کی پیشکش کی ہے۔ ایک خودمختار ریاست کے خیال کے برعکس، جو غیر یقینی اور خطرات سے گھرا ہوا ہے، پاکستان سے الحاق بنیادی تکمیل اور محفوظ مستقبل پیش کرتا ہے۔ یہ صرف کشمیری مٹی اور درد سے جڑا ہوا خواب نہیں بلکہ آگے بڑھنے کا سب سے منطقی اور سٹریٹجک راستہ بھی ہے۔

کشمیر کا مستقبل اس کے ماضی سے جڑا ہوا ہے اور اس ماضی میں یہ ناقابل تردید سچائی ہے کہ پاکستان کشمیری عوام کے لیے قدرتی، روحانی اور سٹریٹجک وطن ہے۔ خودمختاری کا نظریاتی طور پر پرکشش لگ سکتا ہے، لیکن ہندوستان جیسے معاندانہ اور توسیع پسند پڑوسی کے سائے میں یہ محض ایک فریب ہے۔ پاکستان سے الحاق، دوسری طرف، ایک دیرینہ خواب کی تعبیر نسلوں کی جدوجہد کا نقطہ انتہا اور وقار کے ساتھ بقا کا یقینی بنانے کا واحد راستہ ہے۔ پاکستان نے بار بار، چاہے وہ سفارت کاری میں ہو، میدان جنگ میں ہو یا ثابت کیا ہے کہ وہ کشمیری عوام کا واحد سچا خیر خواہ ہے۔ انتخاب واضح ہے، وژن متعین ہے اور لاکھوں دلوں میں مقصد اٹل ہے کہ کشمیری عوام کا حتمی مقصد پاکستان سے الحاق ہے۔

SHOWBIZ شوبز

کوشش کرتی ہوں تنقید سے کسی کا دل نہ دکھے

عتیقہ اوڈھو سے اکثر لوگ ناراض ہو جاتے ہیں، مرینہ خان

کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ وہابیت کارہ وقت ہمیشہ کوشش کرتی ہیں کہ کسی کے جذبات اور محسوس کرا رہے دیتی ہیں، جس کے باعث اکثر لوگ ان سے ناراض ہو جاتے ہیں۔ مرینہ خان کا شمار پاکستان کی نامور شوبز شخصیات میں ہوتا ہے، انہوں نے تھیاٹیاں، دھوپ کنارے اور جنجیں پلنٹ سمیت متعدد ڈراموں سے شہرت حاصل کی۔ اداکارہ نے حالی ہی میں اعمر علی بٹ کے پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر گفتگو کی۔

صبا فیصل کی نادیہ خان، عتیقہ اوڈھو اور مرینہ خان پر نام لیے بغیر تنقید

کسی کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ عائزہ خان کی خوبصورتی اور زیورات پر بات کرے

